© rasailojaraid.com



# وہ بحر و بر پہ چھا گیا، معاویہؓ معاویہؓ

وہ آگیا وہ آگیا، معاویہؓ معاویہؓ
وہ بحر و بر پہ چھا گیا، معاویہؓ معاویہؓ
وہ عادل و رشید ہے، حلیم ہے جوّاد ہے
وہ حاکم سدید ہے، صحابہؓ کی مُراد ہے
وہ اک ادائے نور ہے، وہ پرتو رسول ہے
اُسی کے عہد میں ہوا، سمندری جہاد ہے
بشارتِ رسول ہے، وہ خالوئے بتولؓ ہے
عرصۂ جہاد میں بھی، دیں کا اک عماد ہے
کتابتِ قرآنِ پاک، اُسی کا امتیاز ہے
امین و صہر بھی ہے، وہ نبی کو اعتماد ہے
وہ وارثِ خلیفہ ہے، وراثتِ سقیفہ ہے
وہ نائلہؓ کا بیٹا ہے، زعیم پاک زاد ہے
اسی لئے حسن کو بھی خوش آگیا، وہ بھا گیا
دلوں میں بھی سما گیا، معاویہؓ معاویہؓ
وہ آگیا وہ آگیا، معاویہؓ معاویہؓ
وہ بحر و بر پہ چھا گیا، معاویہؓ معاویہؓ

سید عطاء المحسن بخاری

© rasailojaraid.com